الحمد للہ ... وصلی علی رسولہ الکریم

نثار رحمت کہ از تصانیف ... سپہر سخنوری ... جناب مولوی محمد محسن صاحب ... کاکوری ...

باہتمام ... ابو الحسنات قطب الدین احمد بار دوم ماہ جون سنہ ۱۹۰۴ء ...

مطبع ... لکھنؤ ...

بسم الله الرحمن الرحیم

دیباچه مثنوی صبح تجلی از نتائج افکار طبع همایون منشی محمد اکرام الله صاحب المعروف منشی اکاکوروی متخلص افسون انسپکٹر پولیس ضلع اٹاوه

لمؤلفه

خداوندا شب معراج کن صبح بیانم را
پر جبریل گردان خامهٔ عنبرفشانم را

ز مهر صبح کیست شام افزون بیانی
که جای ذره در پرواز دارد [illegible]

نگارستان اوا آخطار ساقی کوثر
چکد [illegible] ساغر [illegible]

مکانم نقش پای ساکنان لامکان بادا
توان [illegible] ازلی نشان نامه

کلام من ز فهم هر کس و ناکس نمی آید
زبان از [illegible] شد [illegible]

برای فکر برق آهنگ آهنگی دگر دارد
پیمبر تا درین میدان کمی گیرد عنانه

اگر افسانهٔ رنگین من چشم جهان بیند
خیال سحر ساحر باد افسون باید

تجلی صبح سخن بدرخشانی مهر ثنای خداوندیست که عالم بشب [illegible] ذره دار با سینه افروز داغ نیاز ادست زاهد خشک مزاج آفتاب چهره گرمی شوق گداز

ای در دل هر ذره از مهر تو تاثیری
[illegible] هر ذره [illegible]

ظاهر شده بر عاشق در گردش [illegible]
هر ذره ثنای [illegible]

اما بعد دیدن انوار دیدهٔ ... از الهام ایزدی ... که سیرهٔ شیرین ... از ... معنوی ... و ... صبح تجلی از مطلع طبع سخنوری دمیده است. تجلی صبح از جا آگاهی است ... صبح کشید ...

چیست که صبح و شام او در قدم چه باد	دلش ... نور ارادت

از اینجاست که نامه را شاخ تجلی طور سینا است. نام او ... الا ... بوحی - گرد از کلکش اگر ... حاجیان است - صریر کلکش صدای ... قنادیل حرم دو ... رنگینش - محراب کعبه ذات قدر آگینش - زیر زبرش ... جهان ... الفاظش ... - بیاض ... تجلی که ... سواد الفاظش سویدای دیده حور ... - ... تیغ شیرازه بندی کتابش - هنگام ... غبار وادی ایمن خاک راه است - لباس مردم دیده اهل الابصار جامه قلم پاک او - ... الانوار - قطرات ... سدرة المنتهی اطیار - ... خضر از چشمه حیوان آبیاری ... آیینه ... بیضا ... ساعتها ... غلاف کعبه عالی نهاد - تعالی الله کلیم کلامی که طور سخن ... فرخنده ... سوخته آتش ... ابراهیم ... گلستان ... - سیاهی بنفشه او ... کشید - ... امید - از گلهای غنایش بوی ... شنید - ... گلشن معنی ... شکوفه ... شکفتن و لاله از این چمن ... آتش ... سنبل ... لعل ... دانی و ... الفاظش ... آموزگاران کتب معانی باد - ... سخن ... شاخ ... سبحان ... آباد

صبح تجلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حال ولادت اصبح کرم صلی اللہ علیہ وسلم

۸۴۲ سنہ ۱۲۸۹ ہجری ۴۴۸

بیضاوی صبح کا بیان ہے ... تفسیر کتاب آسمان ہے
ہے خاتمہ شب دل افروز ... دیباچہ نگار نسخہ روز
آثار سحر ہوئے نمایان ... سیپارہ لیے ہوئے ہے دوران
والیل کو ختم کر چکا ہے ... آمادہ دور والضحیٰ ہے
عنوان فلک ہے دُرِّ منشور ... لوح زریں ہے سورۂ نور
اطراف بیاض مطلع صاف ... والفجر کے حاشیے پہ کشاف
معمورۂ دہر تا بیابان ... ہمطالع کشور بدخشان
ہر دشت ہے مثل دشت ایمن ... ہر کوہ برنگ طور روشن
عالم میں ہے آفتاب تا سر ... آب حلب و ہوای کشمیر

گردوں سے [illegible] فضا میں [illegible] ... [illegible] مریانی

آنکھیں نظارے کی طرح سیاہ کار ... نظارے کا [illegible]

منظور ہے حسن کا تماشا ... ہر دیدہ ہے دیدۂ زلیخا

مشرق سے غرب تک پریشاں ... یوسف سے [illegible] کنعان

وہ سورۂ یوسف کی تجلی ... یہ مطلع مصر کی [illegible]

پستی کا وداغ آسماں ہے ... اوج افلاک [illegible]

وہ ہے بلغ العلی کی تفسیر ... یہ ہے کشف الدجی کی تعبیر

مضمون طلوع صبح صادق ... مشہور روایت مشارق

موقوف حدیث شب کی تصحیح ... رکھ دیجیے طاق پر مصابیح

ظلمت کا چراغ بے ضیا ہے ... انجم کا ستارہ ڈوبتا ہے

مہتاب کی چاندنی ڈھلی ہے ... مریخ کی سست مشتری ہے

رو پوش ہے پیر چرخ اخضر ... ظلمت کا سیاہ کر کے ابتر

اہل دل کہکشاں سے ہیں منور ... پروانہ نویس شمع کافور

زہرہ کا سفید ہو گیا رنگ ... انجم پہ ہے دن کا قافیہ تنگ

ہے فکر سپہر رات بھر کی ... کیا بات ہے مطلع سحر کی

ہر مطلع صبح صادق استاد ... از دیدہ نوشت صاد بر صاد

ہے وقت اخیر شب خلاصا ... الواح زبرجد فلک کا

ہنگام سپیدۂ سحرگاہ / ساعات میں روز و شب کے واللہ
اک مخبر صادق البیان ہے / پیغمبر آخر الزمان ہے
کیفیت وحی میں ہی بلبل / ہی وقت نزول مصحف گل
سبزہ ہے کنار آب جو پہ / یا خضر ہی مستعد وضو پہ
نوبت ہی صدا سے قران کی / تیاری ہی باغ میں اذان کی
ہی تکبیر فاختہ سے / قد قامت سرو دلربا ہی
اک شاخ رکوع میں رکی ہی / اور دوسری سجدے میں جھکی ہی
سوسن کی زبان پر مناجات / جاری لب جو سے التحیات
تسبیح شگوفہ ہا مدور / تحمید پاک رب [illegible]
پھیلی ہوئی بو سے گل چمن میں / اور صل علیٰ کا غل چمن میں
غنچے میں ہے خامشی کا عالم / یا صوم سکوت میں ہی مریم
کیاری ہی ہر اک اعتکاف میں ہی / اور آب روان طواف میں ہی
پابندہ زکوۃ نامیہ ہے / کاشانۂ گل کو لوٹتا ہے
لایا ہے حجا پہ صبا رنگ / نافرمان ہو رہا ہے ہر رنگ
سالک ہی چمن میں نور موزون / مجذوب ہی شاخ بید مجنون
ہی صوفی صاف دل صنوبر / تحریک نسیم حالت آور
ہر تخم ہے خلوت آرمیدہ / ہر ایک ثمر خدا رسیدہ

ابدال ہیں ہر گل و نخل اوتاد — ہی قسم البدل سرو آزاد

خدمت میں بہار کی صبا ہی — سبزہ سنبل کا بال کا ہے

سجادہ بدوش لالہ یکسو — یک سو شب زندہ دار شبو

ہے استغراق نیلوفر کو — پاس انفاس ہی سحر کو

سیفی جو زبان خار پر ہی — نرگس کی نگاہ میں اثر ہے

وحدت ہی چمن میں مغز تا پوست — صادق ہے بہار پر ہمہ اوست

غنچہ نرا تو گل ہوا ہے — واصل ہے جسے یہان فنا ہی

کہتا ہے اشارتاً بجا لو — موتوا مین قبل ان تموتوا

خرقہ ہے نصیب یاسمن کو — عمامہ ملا ہے نارون کو

پیرایۂ نور ہیں سمن سے — سلطان مشائخ چمن ہے

عطار شمیم گلستان کی — ہم مرتبہ فرید بوٹی

پھولون میں ہی یون گلاب گنج آب — جیسے قلبون میں قطب اقطاب

کیوڑا گلزار پر فضا میں — غوث الثقلین اولیا میں

ہر شمع خموش فکر میں ہو — ہر طائر شوخ ذکر میں ہے

شورش میں قلندرانہ قمری — اور چشتی سبز پوش طوطی

ہی خواجۂ نقشبند دیبا — طاؤس علیہ رحمۃ اللہ

ہر کبک دری خلیل آزر — ہدہد نام خدا حبیب

اعجاز نسیم صبحدم ہے	انفاس مسیح کی قسم ہے
عالم میں وہی ہوا ہے چلتی	جو صبح الست کو چلی تھی
تقریب ہے مست نغمہ ہو	ہنگامۂ لا الٰہ سے ہو
باشان و شکوہ جلوہ فرما	شاہنشہ تختگاہ الّا
سامان ظہور کی ہے تمہید	قدرت پہ ہے ہو رہی ہے تاکید
فیض روح القدس عیان ہے	افشائے رموز کن فکان ہو
آئینہ ہو چار سوے عالم	لبریز تجلیات پیہم
ہر قطرہ ہو جوش بحر و بر	ہر ذرہ ہو آفتاب پیکر
وہ شان ہو آج رنگ و بو کی	مصداق ہو جس سے شانہ کی
لبریز ہو حباب کو عطا کی	آب حیوان کی مے سحری
فرمان بقا کے سند ہوں	احکام فنا کے مسترد ہوں
کثرت وحدت میں ہو کے فانی	حاصل کرے عمر جاودانی
مہمان حدوث کا قدم ہو	امکان پہ وجوب کا کرم ہو
سیرابی تازہ روپ دکھلائے	ہر شاخ خمیدہ راست ہو جائے
اسرافیل اپنی صور لائیں	پھر رنگ رسیدہ کو جتائیں
مژدہ سا تحمل اپنا کریں نہ دورا	نا کارہ کے رہیں عدم کو
اللہ اللہ کیا سماں ہو	ہر شے کو حیات جاودان ہو

سرسبزی ہو باغ میں جنان کی
آمد ہے بہار بے خزان کی

لوح و قلم اور سینۂ تقدیر
پھر خط نسخ عالم پہ تحریر

ایام کا بخت پھر جوان ہے
پھر عہد شباب آسمان ہے

ہستی و عدم میں ایک سے ہیں
لا شئ کے بھی لب پہ آج نے ہیں

کیفیت خرمی سے سرور
رنگین طبیعتان محفل نور

رضوان نے کہیں سبیل رکھی
ہر کوزے میں سلسبیل رکھی

تیار کیے بحکم باری
میکائیل اک طرف نہاری

آئے لیے ساغر و صراحی
کوثر سے بھری ہوئی صبوحی

گلدستے بہشت نے بنائے
جبریل درود پڑھتے آئے

بیٹھے ہوئے ہیں خوشی سے کھولے
غلمان لیے ہار حور گجرے

خاکا ہے زمین میں آسمان کا
نقشا ہے مکان میں لامکان کا

گویا اتر آئی ہے زمین پہ
مینا بازار چرخ اخضر

نازل ہوئے عرش سے فرشتے
سب حی علی الفلاح کہتے

حاضر ہوئی روح پاک آدم
دوران نے کہا کہ خیر مقدم

ہر رنگ ارم زمانہ بشگفت
طوبی لک یا ابا البشر گفت

انوار ہیں نوح کے نمایان
یا ابر کرم کا جوش طوفان

رحمت کے لباس میں چھپے دوست
شیث و ادریس و خضر و الیاس

ہیں وہ برکت سے لیے ہیں موجود ہارون و شعیب و صالح و ہود
خاتم پہ لکھے ہوئے سلیمان نقش تسخیر جن و انسان
بسم اللہ حمد و صبر ایوب الحمد کتاب شکر یعقوب
یوسف میں عزت و مناصب یونس میں ماہی و مراتب
داؤد لیے زبور پہونچے موسیٰ میں شمع طور پہونچے
سجے ہیں خلیل کا ہو جلوہ بت آکرنے لگے خدا کا سجدہ
اسحق میں ذبح آگئے لقمان میں مسیح آگئے
تھے حسن فروش و جلوہ مشتاق ارواح کے ساتھ ساتھ اخلاق
انواع محاسن کمالات اقسام صفات و عمدہ حالات
جو کچھ اپنا ہوا ازل سے ہونے والا ہے جو کچھ آگے
ہر کنج جہان حضرات ناسوت راز ملکوت و سر لاہوت
توحید کی شان راست بازی تجرید کی وضع بے نیازی
استغنا ہمت کا سب تسلیم اقبال کے ساتھ تمکنت و دیہیم
دانش و انا سے سرنگون سرمایۂ نازش فلاطون
وہ نظم فصیح جسکا سحبان طفل ناخواندہ دبستان
وہ دولت و جاہ روز افزون جسکے بندوں میں تھا فریدون
خاتم کا وہ وصف جود کامل عدل نوشیروان عادل

حکمت مفتاح قفل مقصود | علم آئینۂ شہود مسجود
ہر گوہر قلزم ولایت | ہر نیر مطلع ہدایت
صدیق کا صدق و استواری | عثمان کا حلم و بردباری
آوازہ عمر کی صفائی کا | اور دبدبہ مرتضیٰ علی کا
ریحان بہشت روح پرور | خلق حسن شگفتہ منظر
رنگینی لالہ زار ایمان | جانبازی سید شہیدان
آثار مجاہدین ابرار | انوار مہاجرین و انصار
مقبولی بایزید و ادہم | محبوبی خاص غوث اعظم
عرفان ابو سعید و کرخی | درویشی شبلی و جنید و بلخی
گستاخی عاشقان مغرور | رسوائی دار و گیر منصور
عشق آفت عاشقان جانباز | حسن آئینۂ تجلی ناز
مجنون و ہجوم حسرت دل | لیلیٰ و ہم ساربان و محمل
القصہ یہ دیکھ کر تماشا | حیرت ہوئی آنکھ کے پہلو اُٹھا
کہتی ہوئی کیا ہے آج سامان | کھلتا نہیں کچھ یہ سر پنہان
خورشید فلک کے سائبان میں | یوسف ہے غبار کاروان میں
خلوتکدۂ حسن ہے زمانہ | اور جلوۂ صبح شاہانہ
تحفے ہیں نئے رنگ ہیں چمن کے | گھر سے ہو کر روپ ہیں دلہن کے

خورشید ظہور کا شرف ہی
معراج نظر کو ہر طرف ہی

مظہر کا خطاب میرزا ہی
منظر کا لقب ابو العلا ہی

شبنم کو دم فلک آبی
مٹی مین کمال بوترابی

ہر قطرے کے مین آب و تاب گوہر
ہر موج شعاع مہر انور

آفاق مین ہے تجلی نور
پاشان نزول جلوۂ طور

کرتا ہی فلک سجود پیہم
مائل بزمین ہی عرش اعظم

اونچی ہوئی یہ مکان کی کرسی
سب کھلگئی لامکان کی قلعی

ہر گرد کو چلی گئی ہے کیا نار
آتشکدے گل ہوے ہین یکبار

پانی طوبی کی جڑ مین پہونچا
جو خشک ہوا ہے بحر ساوہ

ہی خاک کی طبع مین روانی
جو دشت سماوہ مین ہی پانی

چلتے ہین یہ کس ہوا کے جھونکے
ہوش اڑتے ہین جنبشی کا ہنوکو

اندھا وہ قضا نے لین کا لام
ابلیس کی فوج مین ہے کہرام

بت مہر سکوت بر دہان ہی
بتخانون مین شور الامان ہی

کیسکی شوکت کا زلزلے ہی
قصر کسری جو ہل رہا ہی

ہی کیسکو خطاب ایزد پاک
لولاک لما خلقت الافلاک

گم نور وجود مین عدم ہی
آغوش حدوث مین قدم ہی

ہی فرش پہ عرش کی تجلی
کہتی ہوئی لا الہ غیبل

ہی قبلہ ہر ایک سمت پر نور | ہر بیت ہی مشعل بیت معمور
ہر نقص کمال کا سزاوار | ہر جزو مین عقل کل سے آثار
کیا رنگ قبول جلوہ گر ہی | ہر گل پہ ہزار کی نظر ہی
ہی چاندنی ایک ماہ پیکر | سورج کہتی آفتاب انور
اورنگ نشین باغ ہی گل | اور ہفت ہزار یون مین بلبل
ذی حکم خزانہ اشرفی ہی | صد برگ کا اسم پانصدی ہی
عباسی کو دعوی فتوت | داودی کو شہہ نبوت
ہر دانہ ہی عابد سحر خیز | ہر ذرہ خاک شمس تبریز
القاب نسیم وادی دشت | مخدوم جہانیان جہان گشت
خالق کا کرم ہے فیض گستر | بخشش کا صلای عام گھر گھر
روی حسنات سوی اخیار | چشم رحمت سوی گنہگار
ہی فکر مین عابدون کی طاعت | محسن کی تلاش مین شفاعت
جیسی اس دن سحر ہوئی ہی | ایسی کبھی پیشتر ہوئی ہی
این نسخہ چہ انتخاب وارد | این صبح چہ آفتاب وارد
ناگاہ بجلوہ عبارت | پیدا ہوئی غیب سے بشارت
یہ صبح سعادت جہان ہی | نوروز بہار جاودان ہی
وہ خزینہ ہای اسرار | مصباح تجلیات انوار

ہی بدر کمال اوج تشبیہ | لبریز جمال مظہر تنزیہ

نازل ہے زمین پہ کبریائی | بندے کے لباس مین خدائی

اسوقت دیار مین عرب کے | مطلع سے تجلیات رب کے

برج شرف قریشیان مین | اور ہاشمیون کے خاندان مین

کعبے کی زمین نامور سے | اور عبدالمطلب کے گھر سے

اسلام کا آفتاب چمکا | بے پردہ و بے نقاب چمکا

پیدا ہوے سرور دوعالم | پیدا ہوے فخر نوع آدم

محبوب خدا نبی مرسل | صبح دو جہان روز اول

شاہنشہ انبیا محمدؐ
تاج سر اصفیا محمدؐ

پیدا ہوے حضرت بشیر | صبح قدرت کے مہر اکبر
واللیل اشارتی زمویش | والشمس عبارتی زرویش

خورشید سپہر دین محمدؐ
نور عین الیقین محمدؐ

پیدا ہوے قبلۂ طریقت | پیدا ہوے کعبۂ حقیقت

مقصود ازل اجل و اعلی | منظور حضور حق تعالے

سلطان فلک حشم محمدؐ

مہر عرب و عجم محمدؐ

پیدا ہوئے بادشاہ دو جہاہ
عین عرفان و مردم عین

آرائش تخت لی مع اللہ
ابروئے جبین قاب قوسین

جان و دل مرسلین محمدؐ
روح روح الامین محمدؐ

پیدا ہوئے خاتم النبیین
سی کو احمد بلا اسم

مہر فرمان عز و تمکین
شایستۂ صد صلوٰۃ و تسلیم

گنجینۂ اصطفا محمدؐ
آئینۂ حق نما محمدؐ

محور رضوان حق روانش
کیفیت وجد میں ہوا ب ذوق

آل و اصحاب و پیروانش
کہتا ہے خطیب خامۂ شوق

ہے ذکر ولادت پیمبر
اعلیٰ اولیٰ احد و اکبر

قطعات تاریخی

قطعۂ تاریخ از نتائج طبع مولوی محمد حسن احسن اللہ الیہ الصمد الصدود
لکھیم پور ضلع کھیری برادر خورد مصنف

از معجزات نظم کمالے نگر اند
احسن کلام حضرت محسن علی بود
صد بار خواندہ اند ہزار آفرین کنند

رونق بیاض آیینه سخن فزوده اند | استاد و هم برادر و هم قبله من است | در بارگاه فکر تلاش برگزیده اند
الله عصر کسے ز نشینان اوج فکر | بر شاخ فقش ثمر رسیده اند | این نسخه را بدیده انصاف بنگرید
آنانکه صد هزار مضامین چشیده اند | صبحی شد آشکار که رنگین طبیعتان | از باده های جد صبوحی کشیده اند
چون بهار حسن معانی ست نو فزا | بیتاب صفحه ای اسپ دل رسیده اند | از خوش قلمان بهار گل سخن
دریاد شوق آن در مضمون چیده اند | از صفحه های نه بخش و ترکیب دلکشا | بر صفحه نگاه خود آیینه چیده اند
از بهر طالبان بهار آشنا شدند | دیوانگان صبح گریبان دریده اند | تاریخ سال و زبان سخن
صبح بهار آمد و مضمون شنیده اند

۱۲۸۹ھ

قطعه تاریخ از نتایج طبع شاعر نازک خیال سید علی نقی صاحب نقیب قصبه کرال ضلع مین پوری نائب انسپکٹر مدارس ضلع مذکور

این مثنوی لطیف و رنگین | بنوشت چو محسن سخندان | در وصف بهار آفرینش
در قیمت [illegible] | دی شب نقی از برای تاریخ | بودم سر فکر در گریبان
ناگاه بگفت هاتف غیب | از کهنه نمود نظم حسان

۱۲۸۹ھ

قطعه تاریخ از منشی محمد وزیر خان خوشنویس مهتمم مطبع مفید عام آگره

مثنوی حضرت محسن نے لکھی | حال پیدایش سرور یہ ہی | شب سہ صبح تجلی ہی یہی
مہربان میرا انور یہ ہے | چشم انصاف سے دیکھا جو | خوب تصنیف سخنور یہ ہی
قابل [illegible] | نظم حسان سے بہتر ہے | [illegible] آیمن
[illegible] | چشمہ فیض یہ ساری ہے کتاب | کہیں زمزم کہیں کوثر یہ ہی

ہو نجات اس سے گنہگارونکی کیجیے غور تو دفتر یہ ہی	دستبردار شافع محشر یہ ہی منحصر صبح تجلی کو ذرا	خوشخبری ہے یہ ظاہر حسن دیکھ کیا نسخۂ اطہر یہ ہی
کیون نہ ہاتف کہو اسکی تاریخ	ذکر میلاد پیمبر یہ ہے ۱۳۰۹	

تقریظ مثنوی صبح تجلی از قلم شکستہ رقم احمد خان صوفی مہتمم مطبع مفید عام آگرہ

منشی صحیفۂ کائنات سے لیکر اگر شعاع مہر قلم بنکر سواد شب سے فقرات حمد و ثنا لکھے تو ابھی ایک نقطہ دفتر ستایش سے ادا نہو سکے تجلی صبح اوسکی بیاض قدرت کا ایک سادہ ورق ہے۔ اور نظم عقد پروین اوسکی کتاب آفرینش سے ہم لوگون کے لیے پہلا سبق ٭ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا اور نعت سید المرسلین خاتم النبیین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جسکی بیاض گردون پر نور سے صبح تجلی نے ناسخ ظہور پایا۔ اور بنات النعش نے چار عنصر سے ربط کر رتبہ پایا ہو کہنا امکان بشر نہین لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْأَفْلَاكَ اوسکی مدح مین آیا ہو اور إِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ حق تعالے نے فرمایا ہے

امابعد صوفی گمنام مہتمم مطبع ہذا تمام ارباب فضل و کمال کی خدمت مین عرض کرتا ہو کہ یہ مثنوی صبح تجلی جسکا ہر ایک شعر شعری سے زیادہ منور

اور ہر ایک سطر سطر کہکشاں سے بڑھ کر ہے نقطے اگر ثوابت و سیارہ ہیں تو جملہ
اوراق ماہ پارہ سراوخط سے اگر شام عشرت نمودار ہو تو مضامین روشن سے
صبح سعادت آشکار تصنیف شاعر خوش قلم منشی عطارد رقم مہر سپہر سخنوری
ماہ آسمان نکتہ پروری گوہر درج بلاغت اختر برج فصاحت جناب مولانا
مولوی محمد محسن صاحب محسن تخلص کاکوروی وکیل عدالت دیوانی مینپوری
مد ظلہ العالی سے ایسی عمدہ طبع ہو کر مطبوع خلائق ہوئی ہے کہ
اس صبح تجلی کی قبولیت اظہر من الشمس اور ابین من الامس ہو گردش
شمس و قمر جب تک صبح کو تجلی سے ہم آغوش اور شام سحر کو
ہمکنار بناتے ہیں ہمدوش رکھے اس مثنوی کا ہر ایک ورق ورق آفتاب
کی طرح پر نور رہے اور شہاب ثاقب کی صورت چشم حسد و سے مستور آمین ثم آمین

این نامہ کہ خامہ کرد بنیاد
توقیع قبول روزیش باد

بتاریخ بست و سوم جمادی الثانی سنہ ۱۲۹۰ ہجری مطابق ۲۸ اگست ۱۸۷۳ء

پیرایۂ اختتام در بر کشید

خاتمہ مثنوی صبح تجلی تراویدہ قلم معجز رقم منشی محمد اکرام اللہ صاحب

افسوس مصنف دیباچہ مثنوی ہذا

[illegible]

گر فروزد نور من شمع شب دیجور من	شست تاریکی کشد موسی بپای طور من
رب ارنی از کجا و لن ترانی از کجا	میدمد صبح تجلی از دل پر نور من

بنام ایزد این چه همایون مجموعه ایست عرفان نژاد که صد شبلی و جنید را بوجد و حالت آورد. یا گلدسته معانی ست معرفت خیز هزار بلبل شیراز را بجوش اندر آرد نی نی عنبرین طبله [illegible] ایست وحدت بوی مولانای روم و شیخ فرید را از خویش برد بل شمس تبریز را پیراهن پوست از تن بدر فرمای[د] از ملفوظات محی الدین سخن خداوند معانی را یگانه و خسرو. مولوی محمد محسن کشمیری که منصور کشش را هردم بانگ انا الحق بر زبان ست پنبه بادستی از گوش خود برنیارد فرود آرند دانسته که رضوان را فکر تار طرهٔ حور در دل و سوزن مژهٔ غلمان در دست و مشتری را سودای خریداری شکنجه چونا از چه ست مگر در بند شیرازه بندی همان ست اجزای حواس خویش را از هم ریز غافل انکه و پیرو قدرت نقش این ستوده کار بنام دیگر بسته است که عرش آشیانست والا پایگاه - دارا و سکندر دربان کیوان خوابگاه خداوندکار من اگر این نوآیین در دو نخست از طبع وظیفه کرد بین ۱۲۹۰ھ

بود ایدون وظیفه کرد بیان باد ۱۲۹۱ھ

تمام شد

چراغ کعبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہے نام خدا سواد تحریر | واللیل اذا سجیٰ کی تفسیر
دریا ہے رواں ہو در نظم آج | ہے جسم خفیف جس کی معراج
پیدا ہے جو کلک آسماں تک | معراج سخن ہے امکاں تک
خلوت کدۂ دل اسم سرشتہ | پرواز طبیعت اک فرشتہ
ہر گوشہ ورق ستارہ تکلم | سیارۂ آسمان ہفتم
ہر حرف ہے زبان سوسن | گنجینۂ راز ہشت گلشن
ہر لمحۂ فکر طرح والا | شمع سر طاق عرش اعلیٰ
ہر گل میں ہے رنگ گلستاں کا | ہر قطرے میں موج زن ہے دریا
ہر لفظ عروس پردہ گوش | ہر معنی جان پیکر ہوش

مضمون سے نذر دیپ کی دولہن ہے
اس سے آہستی لاکھ بانکپن ہے

خطرہ نہیں کچھ سر میں سخن کے
کھٹکا نہیں قفل میں دہن کے

بندش کی ادا ہے دستۂ گل
مصرع رنگین ہے شور بلبل

نیرنگ و دماغ رنگ عطر
بیداری قلب خواب سحر

تحریر کے وضع میں تامل
تقریر کے دور میں تسلسل

مضمون کو از دیاد کا شوق
مصرع کو ہے استواد کا شوق

منظور ادا سے خوش بیانی
تشریح کتاب آسمانی

سرسبزی طبع نکتہ پرور
کشاف رموز خلد و کوثر

کاغذ میں سطور کا تسلسل
ہے کھیت میں چاندنی کے سنبل

شبدیز قلم کی شان اعلیٰ
جنگل میں ہران کے غزالا

تحریک اتال سخن گو
جبریل امین کا زور بازو

اور رفعت طبع سے جو پوچھی
ہر حرف کی عرش پہ ہے کرسی

اک رات کی روشنی ہے دل میں
چھٹکی ہوئی چاندنی ہے دل میں

شب کیا کہ جہان کا تخت فیروزہ
عالم کا خلاصہ شب و روزہ

ایام کے گیسوے مسلسل
آنکھوں میں نہ آسمان کے کاجل

ساعت ہے کمال پر شب کی
شب ہے کہ شرف مہ عرب کی

اندھیارے کے دیکھیں اوجالے
آئین سے طور جانے والے

آغاز روایت

بھیگی ہوئی رات آبرو سے | داخل ہوئی کعبے میں وضو سے
اوڑھے ہوئے لیلی گل اندام | شبنم کی ردا بقصد احرام
گویا کہ نہا کے آئی فی الحال | جھٹکا کے نچوڑتی ہوئی بال
کیا ستھری صفا سے رنگ فق ہے | سر سے پا تک عرق عرق ہے
تاروں سے چھپائے چہرا | پروین کو بنا کے منھ کا سہرا
آنا کھلتا ہوا نہ جانا | انداز خرام صوفیانا
سنّاٹے کا دم انیس ہمدم | انفاس ہوا رفیق و محرم
خوشبو وہ کہ ہار یاسمن کے | لپٹے ہوئے بالوں میں دلہن کے
یا تازہ مسی ہوئی ختن کی | کلیاں یوسف کے پیرہن کی
ناخن کی جگہ ہلال کی تہ | دفتر سے طلوع کے ندارد
گرتے تھے ٹوٹ ٹوٹ کے تارے | ہیں رمی جمار کے اشارے
قرباں رہ ضرورتاً ہدی | ثور و حمل سپہر تا جدی
قطبین کے سایۂ ضیا میں | مشغول دوگانے کے ادا میں
خلوت سے کہ جا سے انجمن کو | پردے میں چھپا کے مامن کو
صورت میں غلاف محترم کے | در پردہ طواف میں حرم کے

وحشت سے مرا ہے شکل مجنون

آئینہ ہے حیرت تماشا

اس پری رات کا رنگ دیکھا کیا ہی

خورشید اور دلون کا کیا سویدا

کس چشم سیاہ کا ہی سودا

کس دیدۂ منتظر کی پتلی

پنجرہ مین ہی طوطیون سے طاؤس

تفسیر کہکشان کی

سوسن کی زبین مین نقشہ

ظلمات کا چھپ رہا ہے تارا

آنکھون مین سما گئی سیاہی

ہر رنگ مین شان دلربائی

ہر وحشت شکار چشم آہو

بکھری ہوئی طور کی ہی چوٹی

ہر دار مین سو بشمس انا الحق

ہر ذرہ [illegible] کلیم ہے [illegible]

ہر سنگ کی [illegible] والم السلی

ہر بزم طرب مین التیا جمع
قعدے مین لگن قیام مین شمع

کھاتا ہے جھکا ہوا اندھیرا
ہو جائے قبول سجدہ میرا

سجادۂ چرخ نیلگون پر
تسبیح ہزار دانہ اختر

تاریکی ہے یان سے منزلون دور
پیدا ہے سواد کشور نور

ابر رحمت گھر کے اٹھے ہین
کچھ رات کے دن بھری ہوئی ہین

نفرت ہے ستم کو آسمان سے
ہے تیر کھچا ہوا کمان سے

چھلنی مین ہے پیر قوس روپوش
عقرب کے ہے نیش مین ...

گردون کو اسد کیے ہوئے زیر
چھوٹا ہوا نیل گاو پر شیر

رفعت کا ہوا ہے سکہ جاری
میزان سے کم ہین دونون پلے بھاری

نوشاہ بنا ہوا ہے جوزا
ہے زیب کمر زری کا پٹکا

مریخ شہ بلند اختر
گردون کا لٹا ہوا مقدر

کیوان کو دم سکندری ہے
چمکی زہرہ کی مشتری ہے

ہر پستی ہے اوج سے ملاقی
ہر شان نزول کو ترقی

اعلیٰ کی طرف ہے میل انوار
پروانہ چراغ سے خبردار

شبنم کی ہے پر لگا کے گلشن
بلبل سے کہو کہ پکڑے دامن

ذرے کی طرح نہ دشت اڑ جائین
دیوانون سے کہیں ہوش مین آئین

شمشاد نہین کسی کے بس مین
قمری نہ پڑی رہے قفس مین

ساحل ہوتا ہے چشمۂ نور — ڈگلا جاتا ہے سمندر

کنعان کے اوٹارا ہے جو ہر — ڈلوا کے بنا کے ڈول جھنتر

یونس سے ہر حوت تک پہونچے — بیگانہ بٹھائیں مہر درم پر

مرغابی برق ابر سے گن — چگ جائے نہ سنبلہ کا خرمن

اڑ جائے نہ سطح ارض الٰہی — سرطان پہ کیسے نہ چپٹ ماہی

پامال زمین نہ آسمان ہو — بپھری نہ فلک کی کہکشان ہو

ظاہر ہوئے کس لیے بیابان — کیون اتنے عروج پر ہو دوران

کیون خاک کی اتنی ارجمندی — کیون پستی کی اسقدر بلندی

افزون شب کا ہے حسن روز افزون — کیون ہے یہ لیچ اتنی موزون

ہمدان کا کسطرف ہے موضوع — مسند کو کیا ہے کسنے مرفوع

ہے کسکی خبر کا مبتدا ہے — موصول کہان کہان صلا ہے

ہین کس سے مضاف یہ عجائب — راجع ہے کدھر ضمیر غائب

ناگاہ خطاب وحی تنزیل — عالی لقب حضور جبریل

مدح جبریل

عمان کرم کے در منشور — قرآن شریف کے سورۂ نور

مانند دوا زمین پہ نازل — مانند دعا سپہر منزل

منشور اوامر و نواہی — عنوان صحیفۂ الٰہی

فہرست اخبار اصفیا کے
درج گہر کلام باری
وارد ہوئے ابر سان زمین پ

تمہید و

پہونچا ہے عراق تک جو نامہ
شوخی پہ ہے تیز کلک رفتار
قطبین ہیں سن میان انجم
چمکتے ہیں ہے چار موج دریا
مضمون کی جست میں ہے گرمی
ہان اے مرے خامۂ سبک گام
دو چار قدم وہ چل سنبھل کر
کو ہو نہ سکیگا کچھ مگر خیر

صفـ

چھوٹا سا فرس فرشتہ ہیکل
سیپارہ فلک سے آنے وا
ہیں پیچ سے نکالنہ سبک
شیشے سے پری چمن سے شبنم

گلشن سے بہار جسم سے جان | آنکھون سے نیند دل سے ارمان

صحرا سے شہود مین رم غیب | چلتے ہوے راہ عالم غیب

محو روش فراغ بالی | مشتاق خرام لا ابالی

آدم سے ملک تک ایک دم مین | امکان سے قدم تک اک قدم مین

شوخی مین سلوک شوق کا حال | رفتار مین جذب عشق کی چال

نیرنگ طلسم حیرت آئین | یا گنج روان دولت دین

اقبال کا یا کہ بال دیگر | یا روح امین کا تیسرا پر

یا دیدۂ منتظر مین نقشا | اوڑتی ہوئی وصل کی خبر کا

ورود جبرئیل و براق بر آستانہ شریف

وہ دونون محرم قرب | پروانہ و شمع عالم قرب

یون آئے ہو جیسے عاجل | پروانہ چراغ کے مقابل

یا جیسے کہ عاشقان مضطر | اپنا خط شوق آپ لیکر

حاضر ہوے اوسکے آستان پر | جسکا کہ مکان ہے لامکان پر

نعت

محبوب خدا سے انس و جان کا | مقصود رموز کن فکان کا

امکان کے گھر کا ابر نیسان | دریاے قدم کا شاخ مرجان

صانع کے قلم کا نکتہ ایجاد | بندون کے چمن کا سرو آزاد

ایمان کی سند کا نقش خاتم
آغاز ازل کی ابتدا کا
تشبیہ کے آئینہ میں تمثال
ہاشم کی کلاہ میں گل تر
منظور اشارۂ فکبر
نورالقمرین والکواکب
رونق دہ این تجلی
لاہوت مقام و عرش مسند

ورد

تا دور زمانہ بھرنا مشش
اوس وقت وہ دفتر معانی
رکھتا ہی تقاضہ م زمین پہ
تھی خاک وہان کی گل بدامن
راحت تھی نیاز مند سرکار
رحمت کی ردا سے مہر گستر
رنگینئ فیض عام قالین
ہم خانقاہون کا خیال ہر دل

تھی چاندنی کی لپٹ اُڑا ہی کیا — ہوئی جو رو فرش شبنم والا
کیا بال ہما کے بالشت ہے — کیسے سے پاک کا غبار ہے
خضر رہ حق مستقیم منزل — سوتی ہوئی آنکھ جاگتا دل
دریا سے رواں برنگ گوہر — غنچے کے لباس میں گل تر
آدھی شب سے آپ کو اُٹھایا — یا اپنے نصیب کو جگایا
بیدار ہوئی جو چشم حق بین — آنکھ ہوئی شکل خواب شیرین
اتنا کہا کہ عجیب ماجرا ہے — گھر برج قمر بنا ہوا ہے
یا وا ہوا سے رموز غیب مخبر — ہونیکا نہیں یہ دن کبھی پھر
انجم سونا کبھی اور نہ یہ جگانا — لیتا ہے سہی کروٹیں زمانا
طالع میں نہیں یہ شب کسی کے — اختر سو بار سو کے جاگے
اب آگئی ہے پھر زمین کی توقیر — مٹی ہو ہزار بار اکسیر
انوار کا ہے ورود پیہم — انوار کی برس رہی ہے شبنم
نازل ہے عالم مجازی — امواج محیط بے نیازی
جبریل ہیں اور براق بھی ہے — قاصد بھی ہے اشتیاق بھی ہے
پیغمبر نسیم و صبح صادق — کشتی سبک و ہوا موافق
ایوان سے ہے سوال رد پر — آیا ہے ہوا سے شوق لیکر
ہوتا ہے لب کا استعارہ — پردوں کا ہے آمدن اشارہ

سینے اوسکے کہ جسمیں پرجوش
اوسکے کہ چمن ہرا بھرا ہے
اوسکے کہ ہے باب فیض مفتوح
اوسکے کہ نگاہ چشم تنزیہ
اے محمل شوق منزل ذوق
ای ہمت طالب[1] آن مطلوب
تھی دل سے تجھے طلب خدا کی
اب اوسکی طلب کا ہے تقاضا
دیکھ اوٹھ کے بہار منزل صدر
کر سیر مقام قدس کی آج
عرش آپ کا منتظر ہے چلیے
پاکر یہ اشارۂ کرامت
سینے سے جگر چلا نکل کر
فرحت سے ہوا یہ قلب بیتاب
پہونچا دل بیقرار سرور

تشریف آ

اوٹھکر وہ خدا کا آرزومند

[1] مراد بنام طالب و مطلوب ہے ۱۲ [2] نام حبیب محبوب مقصود ہے ۱۲

آیا سپہ آبرو سے کعبہ ‌ ‌ مانند خلیل رو سے کعبہ

محبوب خدا سے بحر و بر کا ‌ ‌ مہمان ہوا خدا کے گھر کا

اوس گھر میں یہ تھا خوشی کا عالم ‌ ‌ ڈر تھا کہ اوبل نہ جائے زمزم

کعبہ نے کیے طواف اپنا ‌ ‌ ہو قبلہ نما کہیں نہ قبلہ

پاؤن پہ بتان سر کشیدہ ‌ ‌ گر پڑ کے ہوئے خدا رسیدہ

اہلاً سہلاً کہا حرم نے ‌ ‌ لبیک حریم محترم نے

محراب جھکی سر ادب سے ‌ ‌ منبر نے قدم لیے نبی کے

آیا جو کرم پہ عشق بیباک ‌ ‌ سینہ کیا شق جگر کیا چاک

[illegible] دیے اور شعلے دل کے ‌ ‌ آب زمزم کے دیکر چھینٹے

[illegible] عشق جفا سے وفا سے ‌ ‌ زخمی بھی کیا تو اک ادا سے

[illegible] ضرب کیا الم سے ‌ ‌ نشرح کو مار دیا الم سے

گوہر کو بنا دیا سمندر ‌ ‌ آئینے کو کر دیا سکندر

بھر دی دل پاک میں تجلی ‌ ‌ یا کعبہ دل میں کی سپیدی

[illegible] الی او سے کر کے ما سوا سے ‌ ‌ لبریز کیا فقط خدا سے

[illegible] سے رگ و پے کو کر کے معمور ‌ ‌ جسم بشری کو کر دیا نور

[illegible] اندر سے کہا نظر بچا کر ‌ ‌ کیا غیر ہے تو خدا خدا کر

[illegible] ت کو کھینچا دوئی کا نیرنگ ‌ ‌ بیرنگی کی سمت کو چلا رنگ

بسمل ہوئی قلب کی تپش بھی
اعلی کی طرف ہوا ارادہ
با عزت و شان و جاہ و تمکین
حضرت کی رکاب مین قدم تھو
اللہ وہ راہوار چالاک
یہ شان کبھی سنی نہ دیکھی
لی باگ تو اشہب سبک گام

مسجد

پیش نظر جناب عالی
وہ سرور انبیا سے پیشین
مسجد کے قریب آکے اوترا
اک ہاتف غیب وان خبر دہ
ہر شے تھی وہان کی حیرت افزا
گوشے گوشے مین روح واصل
ظلمت کے غبار سے نمایان
شان لب بام سے ہویدا
دیوار مین خامشی کا عالم

داؤد کے نغمہ ہاے دل پذیر
کہتا تھا دم بدم ثنا میری کی سوگند

سلطان عرب کے مژدہ گویان
انجیل و زبور اور صحائف قرآن

از روے پیمبرون کے روایات
یا سورۂ انبیا کی آیات

ہر شخص میں تھے ہزار نالے
اک شجرۂ طور کی قلم کے

دو مرجع کائنات باہم
وہ قبلہ یہ کعبۂ دو عالم

قبلے نے درود کی ندا دی
کعبے نے نماز شکر ادا کی

…د اور جھکے براے تعظیم
محراب جھکی بقصد تسلیم

آیات نے پڑھا ادب سے گویا
شاہنشہ انبیا کا خطبا

…ھون کو بچھا کے تھا مصلا
سایہ کیے گنبد معلا

…ی اہ کمال مہربانی
اوس گھر سے ہوئی یہ میہمانی

…ہتر سے وہ شیر کو مقابل
اوس صاحب ذوق کا لیا دل

…و رنگ میں لالہ ایک نسرین
اک ذوق میں تلخ ایک شیرین

…ھون سے ناب مہ پیکر
کہسار طلب کے لعل احمر

…ستیر طراوت نفس کی
یا روح کبھی ہوئی ہوس کی

…و شیر لطیف ماہ تابان
شیرینی درد کا شش جان

…ایمان بخشے دور عالم عشق
بالائی اک آمد نم عشق

…ار نجت قلب سے نہ چہ تاثیر
مقبول الشیر ہو گیا سہم

عکس لب جانفزا لبن مین
ہمرنگ عقیق تھا یمن مین

چہرہ کا سپیدی پہ تبسم کا
انگور کے زخم پر نمک تھا

پیکر وہ شیر صبح پیکر
خورشید رواں تھا فلک پر

تنہائی کا قافلہ رواں تھا
تجرید کا ساتھ کارواں تھا

گلگون بہار تھا وہ شبدیز
مانند دم نسیم گلریز

پہونچی جو ہوائے دامن پاک
کھلنے لگے غنچہائے افلاک

سیر فلک اول

چلی نے سمند باد پائی
جاکر چشم قمر مین جاکی

وہ خطبہ منبر خلافت
آئینہ جوہر شرافت

جسکا کہ ارم ہے تخت طاؤس
افلاک و نجوم شمع و فانوس

خلقت ہوئی جسکے جان و دل کی
جسطرح بشر کی آب و گل سے

ہمرتبہ صفی با صفا کا
مصداق خطاب مصطفی کا

وہ روز ازل کا سعد اکبر
وہ اول ما خلق کا مظہر

وہ سطر اخیر صفحہ راز
وہ مطلع اولین آغاز

وہ آخر انبیاے مرسل
جسکا ثانی نہیں وہ اول

شہرت کا لطف پانے والا
شان وحدت دکھانے والا

پہونچا کے طے زمین کا فرش
مثل الف اول آسمان پر

[illegible]

آیا جو نظر وہ مہر عالم
آدم نے کہا کہ خیر مقدم

فرخندہ پسر ملا پدر سے
خیر البشر اول البشر سے

پہلے پہل آسمان کو دیکھا
ارواح فرشتگان کو دیکھا

پہونچے قدم سید بشر
مہتاب ہے منزل فلک پر

پامال طبیعت روان کی
گویا تھی زمین آسمان کی

فلک دوم

پھر وہ سبب ظہور ایمان
ظلمات جہان میں آب حیوان

جسکے شہدا کا واپسین دم
صبح انفاس ابن مریم

جسکا کرم آیت شفا ہے
بیمار کے درد کی دوا ہے

ہے جسکی اذان صبحگاہی
احیاے شریعت الٰہی

وہ گوہر آب زندگانی
جسکا اوّل نہیں وہ ثانی

شان احد احمد مکرم
شاہنشہ کشور دو عالم

پھیلی ہوئی جسکی چاندنی ہو
دن دونی اور رات چوگنی ہو

یکتائی کا رنگ لانے والا
نیرنگ دوئی مٹانے والا

پہونچا بکمال شادمانی
تا دائرہ سپہر ثانی

رونق ہوئی کشور فلک میں
جان آگئی پیکر فلک میں

یکجان و دو تن ہوئے نمایان
سمجھے اُسکو مسیح دوران

تاج سر انبیا کے گوہر
آئینۂ حق نما کے جوہر

مخفیے نے صدا سے مرحبا دی | انفاس مسیح نے جلا دی
تھا منشی چرخ او لگا کے | خامہ کی طرح سے سر جھکا کے
زندہ ہوئیں صورتیں رقم کی | اور روح پھڑک گئی قلم کی

فلک سوم

پھر وہ شرف ستارۂ حسن | از بس رخ ماہ پارۂ حسن
ہے جسکی حسین و پاک صورت | اک نسخۂ گلستان قدرت
جیسے ہو صف چمن میں سنبل | گلزار میں گل قفس میں بلبل
ہے جسکے بہار رخ کی تمہید | اوراق سحر پہ گل ہوا لپید
وہ واسطۂ قدیم و حادث | سعدین فلک نشین کا ثالث
وہ چشم و چراغ آدم و نوح | سرو چمن مثلث روح
توحید کا تخم بونے والا | تثلیث کا گھر ڈبونے والا
یوں گذرا تیسرے فلک پہ | جس طرح نظر میں حسن منظر

سراپا

اس جا ہے سخن کا اور مرجع | مصرع ہے ہر ایک حسن مطلع
کاتب کی چمک رہی ہے تقدیر | آنکھوں میں کھچی ہوئی ہے تصویر
نقشہ کی ہے وہ لطیف صورت | جس شکل کہ ہو اہل دل کو حیرت
صورت کا وہ دلپذیر نقشہ | جس سے ہو ہر آئینہ کو سکتہ

سورج کی نہ دوپہر ڈھلی ہے | ایسا یہ ہمیشہ ساتھ رہتا

گر پڑے کہیں ادھر ادھر ہو | کھودو مرے شہر سے یہ جگہ

خاکہ وہ جسم سر سے تا پا | ہو شاہد غیب کا سراپا

دیکھا ہی خدا نے اپنا عالم | آئینہ بنا کے قد آدم

کھینچی بکمال حسن تصویر | نقاش ازل نے اپنی تصویر

رخ میں صفت جمال دی ہی | صورت میں جان ڈال دی ہی

ابرو پہ جبین ہے شمائل | رکھی ہوئی رحل پہ حمائل

پیشانی سے ہے جزو مصحف رو | اس پار سے کی ہو رکوع ابرو

واللیل کا ترجمہ ہی گیسو | تفسیر اقرا سمجھیے ہے گیسو

آنکھوں سے کہوں صفت آہو | مالا عین رأت وہ آنکھیں

بیداری بخت چشم ایجاد | سیپارۂ رخ کے سورۂ صاد

خلوت گہ کبریا کو دیکھا | آنکھوں کی قسم خدا کو دیکھا

بینی سے بلند اختر حسن | معراج پہ ہی ہو تیر حسن

اسرار دہن ہیں وحی منزل | اور حامل وحی لب مرسل

احباب میں لب مسیح تقریر | اعدا میں لب کلیم شمشیر

کیا ذکر تبسم نبی ہے | گل کے گلشن میں جو ہنسی ہے

کانوں کی سنی ہے کیا روایت | جو سر ہی قطب کی ولایت

جو جسم کا بھرا ہوا سفینہ | آئینہ سے بھی مثال سینہ

اسرار نہ آسمان نظر میں | ڈوبے ہوئے ہفت بحر میں

اوس گردن صاف کی بلندی | تکبیر فریضۂ سحر کی

رعنائی قامت مناسب | روزے میں اذان وقت مغرب

دیکھے ہیں فلک میں یا زمیں میں | ہاتھ ایسے کسی کی آستیں میں

دو انگلیوں میں یہ ماہ کا جال | مقراض میں جسطرح مہا جال

کھولے ہے شوق عرش عالی | عیسے نین براہ پایا لی

چرچے ہی شیخ و شاب میں ہیں | پاؤں ایسے کسی رکاب میں ہیں

دیکھی جو وہ صورت دل آرا | ارواح کو دفعۃً غش آیا

حالت ہوئی بیخودی کی طاری | زہرہ کہیں بھول اوٹھی ستاری

کہتے تھے اک ستی نہ دیکھی | صورت ہی کہ قدرت الٰہی

حافظ ہے تھے مہ منیر کنعان | فرزند جوان پیر کنعان

گل جنکے تھے مصر کے چمن میں | کانٹے کنعان کے پیرہن میں

یعقوب تھے جنکے ناز بردار | تھا جنکا دلوں میں گرم بازار

آنکھوں میں سمائی وہ تجلی | جو خواب میں بھی کبھی نہ دیکھی

یوسف ہوئی جان و دل سے شیدا | منھ دیکھ کے رہ گئی زلیخا

فلک چہارم

بزار ہاگل

پھر وہ خط عقود اہل عرفان — فرزانہ شیخ بہ شمس یزدان
جس سے کہ ہوئی شکست کفار — صحرا سے عرب ہا جس سے گلزار
تشریف شرف کی بزم و کاسہ — جسکے قد راست پہ ہوئی راست
وہ رونق چار سو سے ایجاد — اعجاز کرامت حسن دادو
تھے جسکے چہار یار ذیجاہ — منزلگہ لطف و مہر کے ماہ
زیبایش صدر حلم و تمکین — آرایش چار بالش دین
بیکس کی مراد دینے والا — ناچار کی داد دینے والا
ٹھہرا جب چرخ چہار میں بہ — یا صفحہ سیم پر خط زر
اسرار زبان کے لکھنے میں آئین — گو دونون زبان خامہ بلجائین
میدان وہ عجیب دبدبین تھا — خورشید بھی دوڑ دھوپ میں تھا
کی مصحف انبیا کی تدریس — تا واقف کرفی الکتاب ادریس
یکجا ہوئے دو نبی اکرم — مثل دو صفحات خط توام
یکرنگے مصطفی و ادریس — قدرت کے قلم کی سطر تجنیس
ہم وضع دو نقش کا کیا ایجاد — دو قطعے نوشتہ کیا استاد

فلک پنجم

پھر وہ گل نو بہار معنی — وہ گوہر شاہوار معنی
ہی جسکی زبان میں فصاحت — ہی جسکے کلام میں ملاحت

ہو جسکی شگفتہ رنگ تقریر ‏ ما ینطق عن الہوی کی تفسیر
اعجاز اثر بیان شیرین ‏ قرآن کا ورق زبان شیرین
اورنگ نشین عزت و جاہ ‏ زور سر تیغ ید اللہ
تکبیر کی جسکے پاس دولت ‏ ہو جسکی نماز پنج نوبت
کبران جہان کا آبرو ریز ‏ بر ہمزن پنج گنج پرویز
وسواسے یقین پہ دینے والا ‏ دل سے شش و پنج کہونے والا
آیا سر چرخ پنجمین پہ ‏ یا افسر سلطنت پہ گوہر
ہارون نے کہ افصح البیان تھے ‏ گویا کہ کلیم کی زبان تھے
موسےٰ کے وزیر اور برادر ‏ پیغمبر و بازوے پیمبر
کی نعت ادا بخوش بیانی ‏ یا وصف چمن مین گلفشانی
تحریر کیے ہزار دفتر ‏ الواح زبرجد فلک پر
بہرام تھا مہر خامشی کی ‏ عبری سنے پہ کی تمام تری

فلک ششم

پھر وہ دیباچہ بہاسے تکوین ‏ وہ لالہ و گل کہ وہ تمکین
جسکی نہین روک لامکان تک ‏ پایاب ہو نیل آسمان تک
ہو وہ دیدہ مین جسکے سحر باطل ‏ افسون ہوا سیر چاہ بابل
آہو سے کرے رمیدہ ساحری ہے ‏ اللہ کی گاے سامری ہے

[illegible]

جس سے ہوئی شان کفر نابود | فرعون کوئی بچا نہ نمرود
جسکی شوکت وزیر و شہ پر | شمشیر اوسکی قضا کا شہپر
جسکی بخشش کے ڈر سے قارون | پہلے سے ہوا زمین مین مدفون
وہ روز طلوع صبح بینش | صبح ششم روز آفرینش
وہ قبلۂ شش جہات عالم | وہ مرجع کائنات عالم
انداز کرم بتانے والا | شش دانگ جہان لٹانے والا
گردون ششم پہ چشم پر دو | چمکا مانند شعلۂ طور
جلوے سے وہ جمال نے دکھائی | موسے وہی آگ لینے آئے
تھا داغ فراق مین ترائی | مسرور وصال مین ثرائی
وہ محو کلام ایزد پاک | تھا مہر سکوت ما عرفناک
آتی تھی صدا سے عقل اوّل | دیکھے کوئی نخل طور کا پھل
کیا وادی ایمن فلک کی | تقدیر سے مشتری کی چمکی

فلک ہفتم

پھر وہ حرم سجدہ گاہ تسلیم | محراب حرم جاہ و تعظیم
کعبے کا سواد صفحۂ عین | شنگرفی نسخۂ زرین
جسکی آمد کا سنتے ہی غل | آتشکدے شمع سان ہوے گل
گردن مین بتان بے وطن کی | پھانسی ہوئی چوٹی برہمن کی

کلیوں کی طرح سے چٹکے پھوٹا | کعبہ میں پہنا بتوں کا ٹوٹا
طوفان بلا ہے جسکا خنجر | بہر آزر بت پرست و آذر
وہ ناظرہ خوان مصحف دل | خضر سر راہ ہفت منزل
سلطان سریر ہفت کشور | شمع فانوس ہفت اختر
چھٹے کو عید کرنے والا | ہر ہفتے میں عید کرنے والا
اترا سر بام چرخ ہفتم | قربان ہوئے ہر قدم پہ انجم
تھیں منتظر جناب اطہر | عینین خلیل ابن آذر
کرتا تھا جو صرف میہمانی | خوان یغما سے من عصائی
دیوان ازل کا مطلع نور | برجستہ ردیف بیت معمور
اک بزم کے تھے چراغ دونوں | ملک ہوئے باغ باغ دونوں
ہندو سے فلک بتوں سے بیزار | منت سے نجات کا طلبگار

بیت المعمور

اول بیت میں پھر وہ سرو موزوں | آیا مانند تازہ مضمون
قبلہ تھا خدا کے سب گھروں کا | یا صدر تمام و قرون کا
جاتے تھے وہاں فرشتے گر چہ | گرتے تھے ملک سر فلک پہ
کعبہ ایسی غیر حق سے منزہ | اک سے تمام خانہ معمور
تیر فلک خیال قدسیاں کا | یا رنگ محل تہ آسمان کا

حیرت کے آئینہ مقابل

و دوزخ

آئینہ حیرت اوسکی تشبیہ
ستر ملکوت کے سے
قدرت کے عیاں طلسم نیرنگ سا
یاقوت جلال کے شرارے
مالک نے ادب بندگی کی
گل ہو گئی آتش جہنم
دوزخ مثل بہشت سرد او
ہو کیوں نہ سقر سقر پہ تیار
خاموش تھا صورت گنہگار
وہ باعث خلق دہر و مافیہ
جنت کی طرف ہوا جلوریز
نورافشان باغ عالم نور
پھلواری جناب کبریا کی
رمز بلغ العلی صنوبر
اپنے قدمے میں آپ ہر جو

سنئے وہ کہ ہے جسکا ترجمہ لا
یک سینۂ عندلیب صد گل
تار رگ گل ہزار دستان
ہر چیز حسن عمل کا حور و غلمان
دریا ہے کرم ہمت کے کوثر
خوش ہوکے قضا بہشت پیرا
ہر شاخ رہ خدا کی مشعل
ہر چشمہ نیاز کا کرشمہ
تھا نوک زبان حال رضوان
اللہ سے ہے مرا مقصد
امت سے بھی اسقدر ہوا ارشاد
ہیں سب بد و نیک میرے محبوب
اچھے ہوں اگر [illegible] قصور میرے
[illegible] خطا مری ختن میں
[illegible] قبل حشر ہو یا
اوسدن عجب اضطراب ہوگا
مجنوں کو کوئی رہ نما ہے بن میں

ہم معنی لا الہ الا
یک سایۂ گل ہزار بلبل
ہر برگ کے بلبلیں گلستان
چشم نگہ قبول رضوان
رحمت محمد و ہو کے ساغر
تقدیر نہال ہو کے طوبا
ہر پھول نہال شوق کا پھل
یا دیدۂ منتظر کا چشمہ
دیباچہ [illegible]
[illegible] اپنے قدم سے جبین پر
آکر کریں میرے گھر کو آباد
ہیں [illegible] وہ یوسف اور میں یعقوب
عاصی کے قصور سے بدلے
پایا فرمان ہوا ہر چمن میں
ہے مجھکو یہ حد تون سے کھٹکا
ہنگامہ ہے حساب ہوگا
ہے پیرو سے کوئی وادی قرن میں

غافل کرے نہ شہر مین نکھو جیا کی
تحسین کی صاحب یہ مین نہ ہو جیسے

اے صاحب نشیمن یوم موعود
اے بادشہ مقام محمود

بر لا مری آرزو کرم سے
ہاں میری بخشش تیرے دم سے

القصہ سمجھ کے جزو کل کو
اور دیکھ کے وہاں کے خار و گل کو

عرش و کرسی

اور آگے بڑھا وہ طالب رب
کہتا ہوا آدم بطلب

طوبیٰ سے رکھا قدم جدا کہ
جبریل و براق دونون ٹھہرے

رفرف پہ چڑھا وہ صاحب بدر
جس طرح کمال بر سر بدر

کرسی پہ بٹھا کے نقش مقصود
آیا سو سے عرش پاک معبود

سب سرو قدان عرش اعظم
تعظیم کو اوٹھے قد آدم

مقام اعلیٰ

زیر قدم جناب والا
اعلیٰ سے تھا جو مقام اعلیٰ

دل کی تک دو وتھی دم سے آگے
سر چار قدم قدم سے آگے

آئینہ روے ذات عالی
اقلیم صفات بیمثالی

چمکا ہوا آئین تجلی
پھیلا ہوا دامن تجلی

وحدت کا کھلا ہوا دوناکا
جسمین نہین دخل ماسوا کا

وا فسر خیال ہست و جو کے
چھاپے ہے سیے خون آرزو کے

امید کے تہ نشین سفینے — ٹوٹے ہوے حوصلے کے زینے
بیکلین ہوئین ہمتون کی چاہین — اوتری ہوئین چھلے سے کمانین
بھولے ہوے راہ کے مسافر — ارکان رہا سے عناصر
افتادۂ خاک بحر و ساحل — درماندۂ راہ خضر و منزل
طاؤس سپہر بال بستہ — عنقا سے ہجوم پر شکستہ
جھیلی ہوئی دورباش ادب کی — طوبیٰ و بہشت و عرش و کرسی
جانیکا نہ لے سکین ملک نام — روحونکا پہونچ سکے نہ پیغام
تاثیر دعا کی در سے محروم — کوشش شرف اثر سے محروم
انسانکی وہان بھی کب رسائی — آنکھونمین کشش بھلا کہ لائی
وہ مردم چشم دین و ایمان — کحل البصر وجوب و امکان
ایمان کا رنگ بوے تصدیق — نخل چمن مجاز و تحقیق
وہ مرجع کار و کارسازی — وہ سید نیاز و بے نیازی
آنکھون کو تلاش جلوۂ رب — کانون مین صدا سے نحن اقرب
آیا سو بزم لی مع اللہ — آئینے مین جیسے پرتو ماہ
پہونچا وہ وہان جہان نہ پہونچے — جبریل کے عقل کے فرشتے
نزدیک خدا حضور پہونچے — اللہ اللہ دور پہونچے
بڑھ سکے یہاں تمام دست و پا سکے — انداز جلال کبریا سے

بچھے سایۂ قدسیۂ دل یاری — تھا سایۂ فضل خاکساری
سجدے کے لیے جھکا ہوا تھا — سر عرش پہ اور زمیں پہ پا تھا
ہر لحظہ زباں پہ مناجات — ہر لمحہ لبوں پہ التحیات
خالق سے نگاہ پاک محرم — چھوٹی ہوئی عینک دو عالم
تجلی میں تھا جمال دلخواہ — جسطرح سے چشمے پہ فضل ہو اللہ
خاموشی عشق سر بسر پیکر — آوازۂ حسن شور محشر
ہوا جسے جسم جانگدازی — سیر اسسے باغ دلنوازی
وحدت کے بچھے بچھے تھے اورنگ — کثرت کی مٹی ہوئی تھی نیرنگ
تھی تاج پہ شان مصطفائی — دکھلاتی تھی بندگی خدائی
وحدت کی ہوئی دوئی میں آمد — یا نشہ احد میان احمد
دامن میں چھپائے غیر کو عین — واحد تھا نقابدار وسے اثنین
حیثیت غیر رب کو رب سے — غیریت عین کو عرب سے
ذات احمد تھی یا خدا تھا — سایہ کیا جسم تک جدا تھا
خالق کی صفت ہو ذات والا — وہ شعلۂ طور ہو اوجالا
کیا ہو گئے حد سے بڑھنے والے — سجدے میں درود پڑھنے والے
عرفان کے مقام کی کریں سیر — دیکھیں کہ صفت ہو عین یا غیر
کافی ہو اسیقدر بیان بس — بس اے مری طبع نکتہ دان بس

لازم ہی ادب سے وہ خموشی	جو مُہر ہو میرے خامہ کی

خاتمہ و مناجات

اسوقت اوٹھا ہوا ہی پردا	موقع ہے رسائی دعا کا
کر عرض ادب سے سر جھکا کر	تا پایۂ عرش ہاتھ اوٹھا کر
اے پرتو مہر لایزالی	بے مثل مثال بے مثالی
شمع حرم خدا نمائی	قندیل حرم کبریائی
جسطرح ملا تو اپنے رب سے	اندازے شوق سے ادب سے
یون ہی ترے عاصیان تجھ سے	اکثر ہون ترے لقا سے مسرور
صدقے مین ترے یہ آرزو ہے	دم مین رہ آخرت کرین طے
ہو حشر کا دن خوشی کی تمہید	جسطرح سے صبح صادق عید
یون سر پہ ہو مہر آتشین خو	ٹوپی مین کسیکی جیسے جگنو
دشمن پہ کڑی ہو پہلی منزل	مین سوؤن لحد مین ہو کے غافل
گذرے مری نعت کی سخن مین	رکھی ہو یہ مثنوی کفن مین
پردہ رہے نامۂ عمل کا	کھل جائے نہ قبر مین لفافا
اودہم کھلے چشم آرزومند	جب در قبر حشر ہو چکے بند
جلدی کرے شوق قلب مضطر	کھل جائین مرے براق کے پر
اڑین تیری سمت لیکے وہ بال	پیچھے رہین کاتبان اعمال

پہونچے مرا باد یا ارم تک	ہووے شیدا ... قدم تک
رہ جائین میرے نکلے ارمان	مشکل سے جو تھے وہ ہوین آسان
شامت سے نہ پائمال ہو جاے	سبزہ جو اوگے نہال ہو جاے
پہولے پہلے گلشن تمنا	عقبیٰ مری پہل ہو پہولے دنیا

یان شوق وخلوص والتجا ہو
وان مین ہون آپ ہون خدا ہو

تمام شد

قطعہ تاریخ طبع از میرزا محمد مرزا جان متخلص بہ محمود

اولا حمد خدای پاک ہی	بعدہ نعت شہ لولاک ہی	ہین محمد محسن عالیجناب
جسکی یہ محمود نظم پاک ہی	حال ہی اسمین رقم معراج کا	عرش و کرسی منتظر افلاک ہی
مثنوی ایسی کہی تاریخ یہ آ	گل خجالت سی گریبان چاک ہی	سننے والونکا وظیفہ ہو درود
واہ کیا اچھا کلام پاک ہی	ہی ہر کل تفسیر آیات و حدیث	دیکہ لے جو صاحب ادراک ہی

اسکی یون تاریخ راقم نے کہی
ترجمہ کیا ہی حدیث پاک ہی
۱۳۰۱ھ

قطعات تاریخ ختم و طبع نتیجہ فکر رسا طبع عرش پیمای شیخ احسن حسن مولوی
محمد حسن صاحب احسن الصمد ولد کلیم پور ضلع کہیری ... دہرہ اور محمد وجناب مصنف ظلہا

محسن که بهار لفظ و معنی
بگذشت که از شمع بالین
این مثنوی عجیب بنوشت
صد بار ادب نمود تحسین
در وصف بهار اگر سخن گفت
صد معجزه در نگاه حق بین
ترکیب لطیف مغز نازک
اعلی و پیشش از نخستین
تا عرش برین عروج الفاظ

در گلشن طبع اوست گلچین
آئینه فکرتش صفا خیز
در شان عروج سدره دین
رنگ شب اگر ز کلک او ریخت
از شاخ قلم فشاند نسرین
بر دوشت پی دعا اگر دست
معنی نمکین و لفظ شیرین
از لفظ فسرده گفت پرهیز
تا سدره بلندی مضامین
معراج خیال های رنگین
۱۲۱۳

با فصح و با نقش از ثریا
نیرنگ سنبال حیرت آئین
بر هر خم خامه تیار انش
هر نقطه گرفت شکل پروین
از مدحت انبیا عیان کرد
شد در دو لب فرشته آمین
اولی هر بعد او ز هر قبل
از معنی تازه گفت تحسین
احسن بنویس بهر تاریخ

ولہ

آن تازه نمای طرز کهن استاد و برادر و محسن من
اوصاف خارج حد سخن الطاف برون ز انداز خیال
تا چرخ ترقی رفعت او تا مهر تجلی فطرت او
تا سدره بلندی فکرت او تا عرش برین تگ و تاز خیال
در جستن معنی های بعید آغاز طلب انجام طلب
در بستن مضمون های جدید انجام خیال آغاز خیال

بنوشت رسالۂ ہوش ربا در ذکر معراج خیر الوریٰ

ہر لفظ کرامت فہم رسا ہر معنیٔ نو اعجاز خیال

مضمون حدیث متواتر بنمود بصدق بیان کمال

ہر خار و خس چمن خاطر برداشت صفا پرواز خیال

ہر بیت خلاصۂ بیت الحرم ہر نکتہ شگوفۂ شاخ قلم

ہر حرف سعادت بخت رقم ہر مضمون مایۂ ناز خیال

تاریخ بطرز جدید احسن خوش گفت فرشتۂ فکرت من

معراج پیمبر پاک سخن معراج فلک پرواز خیال

۱۳۱۲ ۱۳۰۱

ولہ

این نظم عجیب سراسر اعجاز است | بر پائے طبیعت صفا پرواز است

گویند کہ احباب تاریخ لطیف | معراج خیال لامکان پرواز است

۱۳۱۳

قطعہ تاریخ نتیجہ طبع ارجمند و فکر بلند گنجینۂ معانی آگاہ جناب مولوی رشید الدین صاحب رشید خلف حافظ رحیم الدین صاحب رئیس کاکوری

حقا کہ فروغ طبع محسن
اک شمع منور سخن ہے
بحر اوسکی وہ شوخ ہے کہ جسکو

بیداری اختر سخن ہے
صفحے پہ ہر ایک سطر رنگین
ہیں یے دلبر سخن ہے

یہ مثنوی چراغ کعبہ
گیسوے معنبر سخن ہے
موزوں نشاۂ معانی

آرائش نو بہار سخن سے
ہر رنگ میں ہے جمال الٰہ رنگ
نسخہ نوبہار دفتر سخن ہے

دیکھا جو اسکو شیفتہ چشم و دل سے
شاہنشہ کشور سخن ہے
آداب کے ساتھ لکھیے تاریخ

پیچیدہ مہر گوشہ سخن سے
انصاف کے ساتھ غور کیجیے
معراج پیمبر سخن ہے
١٣٠١ھ

تاریخ طبع دیوان جناب شیخ غلام احمد صاحب سیفی رئیس اعظم بمبئی محلہ نظام پورہ

استاد مرے جناب محسن
کچھ آپکا طرز ہی جدا ہے

نامے سے حضور کے جو پڑھا جاے
طوبیٰ میں ایسی شاخ کیا ہے

واللہ یہ سخن ہے یا کرامات
اعجاز طبیعت رسا ہے

الفاظ شگفتہ کے چمن میں
طوطی معنی کا بولتا ہے

ہر بیت میں نور کا ہے مضمون
کعبے میں چراغ رکھ دیا ہے

ہر طرز میں اک نیا تکلف
ہر رنگ میں اک نیا مزا ہے

ثانی سے جو شعر ہے اول
پہلے سے شگفتہ دوسرا ہے

ہر ایک ردیف تعجب ہے
جو قافیہ ہے ڈھلا ہوا ہے

سیفی کو ہوا خیال تاریخ
کیا اسکا بلند حوصلا ہے

ہاتف نے کہا بہت ادب سے
نعت رسول مجتبیٰ ہے
١٣٠١ھ

وله

میرے استاد محسن نے لکھی مثنوی سیفی

چراغ کعبہ

کہیں کا دلنشین انداز و دلکش طرز رنگین ہو

گئے عرش بریں تک اس جگہ مضمون بلند اوسکے

سروش غیب بول اٹھا کہ معراج المضامین ہے ۱۳۱۰ھ

قطعۂ تاریخ طبعزاد منشی خورشید حسن صاحب طپش

اسسٹنٹ سکریٹری انجمن اسلام بمبئی

بارک اللہ چڑھ گیا کس اوج پر سحر سخن
قطرے قطرے میں ہے شورش قلزم مواج کی
دور پہونچا ہے ستارہ رفعت معنی کا آج
بادشاہ نظم کو حاجت ہے تخت و تاج کی
خامۂ محسن نے صفحے پر جڑی ہیں پتیاں
لعل کی یاقوت کی الماس کی پکھراج کی
اے طپش یہ مصرع برجستہ لکھ تاریخ میں
مثنوی با ادب حال شب معراج کی

سنہ ۱۳۱۰ ہجری

سراپائے رسول کریم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حلیہ اشرف نسل آدم صلی اللہ علیہ وسلم

۸۹۹ ۲۶۶ ۲۲۷

للہ الحمد شبِ غم نے اوٹھایا بستر
مژدہ اے دل کہ ہوا نورِ خدا پیشِ نظر

مرحبا طالعِ بیدار مبارک ہو سحر
بارک اللہ طبیعت کا ہے رنگ دگر

گر نہو پاس ادب تو مجھے کچھ دعویٰ ہے
سجدہ کرتے ہیں ملائک مرا وہ رتبا ہے

لامکاں تک لیے جاتی ہے مجھے طبعِ رسا
ہو رہا ہے صفِ ارواح میں میرا چرچا

اوڑ گیا عرش کی پاسے مرے سخن کا پایا
خیر مقدم کی چلی آتی ہے ہر سو سے صدا

بزمِ قدسی کا بلایا ہوا مہمان ہوں میں
ملک آنکھوں پہ بٹھاتے ہیں وہ انسان ہوں میں

آج کس دھوم سے خدامِ سخن آتے ہیں
مسندیں فکر کی محفل میں بچھا جاتے ہیں

تنگی بزم جہان دیکھ کے گھبراتے ہین
لگاو تکیہ کرۂ ارض کا اوٹھ جاتے ہین

جشن کا روز ہی یعنی کہ شہ اقدس کا
اور اونچا کرو خیمہ فلک اطلس کا

ہم دکھاتے ہین طبیعت سے تماشے کتنے
حل کیے غنچۂ خورشید سے نکتے کتنے
عالم نور مین چھوڑے ہین شگوفے کتنے
عقد پروین سے لکھے ہین معمے کتنے

سادہ کاغذ ورق مہر درخشان ہی آج
دست پرنور عطارد مین قلمدان ہی آج

یون خرامندہ بشوخی قلم رعنا ہی
بال پرواز پری چٹکیون مین اڑتا ہی
موج ہی جس سے خجل غرق عرق دریا ہی
آہوئے شوخ ہی کیا کبک خرامان کیا

کوئی شاخ آہوؤن کی جلوہ گری مین تو نہین
کوئی سرخاب کا پر کبک دری مین تو نہین

نگ گلزار معانی کا عجب عالم ہی
ر گل چاندنی کے کھیت سے بھلا کیا کم ہی
غنچے کو دیکھیے تو صبح کا ہمدم ہی
سرو رعنا نہین آئینہ قد آدم ہی

ہر شجر شمع تجلی ہی لگن تھامے ہین
نام ظلمت نہین لاتے کہ جہان لالے ہین

مطر سنبل گل تر حرف ہی غنچہ نقطا
عطی بولا مرے خامے کا میان شعرا
کاغذ مشق ہی اک سیر چمن کا تختا
کیون نہو آج مین لکھتا ہون سراپا کیسا

جسکو گلدستۂ باغ ابدیت کہیے
خندۂ صبح بہار احدیت کہیے

گیسوے حور قلم ہو جسکے سپے خامہ ہو
کہیں اُن زلف سے تصویر سخن گر کیجے
کوہ رضوان سے کہ لادے ہی شاخ شبو
کہ شب قدر میں ہو نکہت مشکین گیسو

منشی وقت اسے علم کا کرم کافی ہے
مشق کرنے کو ہری لوح و قلم کافی ہے

روشنائی کی یہ ترکیب ہو کہ شمع ہی یدہ ہو
جسکی ترکیب کو جبریل امین ہاں مجبور
کوندھ شجرۂ طوبیٰ کا بقدر مقصود
پانی لیں چشمۂ کوثر سے مگر بہر درود

صورت یدِ موسیٰ ہو پڑا انوار کہیل
شمع سے طور معلے کے اڑائیں کاجل

رنگ شنجرف کا بھی اب کوئی سامان کیجو
لالہ زار اپنے سخن کا جو چمنستان کیجو
خضر کو سالک آب از پئے مرجان کیجو
لعل کیواسطے تسخیر بدخشان کیجو

وقت ہے بس یہی انجمن گردون کا
کہ شفق پر بھی اسادہ ہے مرا شنجرف کا

اور کاغذ کا تو ہم نے عجب انداز کیا
پردۂ چشم کو قرطاس خدا ساز کیا
کھینچی تصویر ادب سے جلوۂ کہ ناز کیا
چوم لون ہاتھ میں لیتے عجب اعجاز کیا

شعلۂ طور کا کاغذ پہ کھینچا نقشا ہے

خامۂ انگارہ کہ تنہا صورت ید بیضا ہے

کیوں نہ سوجان ہو گلزار بہار معنی — ہو رنگینی تصویر سراپا سے نبی
پہ وہ صورت ہے کہ دیکھی نہ سنی ہی کبھی — تھی یہی شکل مقدس کہ ازل میں جو کھچی

نازش سے خامۂ قدرت نے کہا واہ رے ہیں
بول اٹھا عارض پر نور کہ اللہ رے ہیں

کیسی تصویر کہ ہے صبح بہار امکان — کیسی تصویر کہ ہے آئینہ پرداز جہاں
کیسی تصویر کہ ہے لوح و قلم نور افشاں — کیسی تصویر کہ ہے کوکب معصوم نازاں

کیسی تصویر کہ سب صل علی کہتے ہیں
کیسی تصویر کہ سب جل و علا کہتے ہیں

کیسی تصویر جسے کھینچ کے نقاش ازل — خود لگا کہنے کہ ہر وصف میں ہے تو افضل
تیری صورت سے کھلے معنی یا قل و دل — انبیا شرح مفصل ہیں تو متن مجمل

تو ہی خورشید ہے سب سامنے انجم ہیں نبی
تو ہی شمع ہے تصور میں تو سب ہیں قطبی

تو ہی داؤد نفس تو ہی سلیمان خاتم — فاتح یحیی ہے تو ذکر زکریا ہر دم
خلعت خاص خلیل و برکات آدم — شکر یعقوب ہے و صبر دل ایوب بہم

حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

بولے جبرئیل کہ تجھ پہ ہوئی ختم تکمیل
آدم و نوح کے بخشو تجھے اوصاف جمیل
خضر و الیاس کا رتبہ ہے شرف اجمل
اور سوا اسکے بھی ہی سرو قد باغ خلیل

حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

دین پکارا کہ مرے گھر کا اوجالا کردو
طالع خفتہ کو ہمچشم زلیخا کردے
مثل مردے کے پڑا ہون مجھے زندہ کردو
دستگیری مری فرما مجھے برپا کردے

حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

کیون جھکا کرون گنہ گو تو سودا ہی مجھے
طور پر جاؤن تو ناحق کا بھٹکنا ہی مجھے
ضبط ہی کر رسا اعجاز مسیحا ہی مجھے
سچ تو یہ ہی کہ ترے گھر میں کیا ہی مجھے

حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

واہ تصویر ہی بس حق کی قسم تصویر
ہی دل و جان رسل فخر امم تصویر
بس کہ آئینہ وحدت میں ہی ختم تصویر
عالم نور ہے سر تا بقدم یہ تصویر

سایہ زیبا ہی نہ تھا آپکے قامت کیلیے
روشنائی تھی یہی مہر نبوت کیلیے

جسم محبوب خدا نور کا اک پتلا ہی
سایہ حق وہ شہ منزلت والا ہی

اوسکے قامت کے برابر سایہ بنا سب کا ہے
ختم ہی محبوب بے لاثانی ہو وہ یکتا اکیلا

لاکھ عاشق ہون مگر لطف و محبوب نہین
ظل حق ہو تو ہو پر ظل نبی خوب نہین

قد کے اوصاف کو یاد نہ بھولو بخدا
آب آئینۂ باطن سے وضو کر کے ذرا
سجدۂ سہو نہین ایسی عبادت مین روا
اپنی وجہت کر نیت صادق سے ادا

اوٹھ کھڑے ہو پئے تعظیم و ہم طاعت ہے
یہی تکبیر مین عشاق کی قد قامت ہے

عرش پہ کرسی بچھائی ہے مرادہ ہے رسا
اے فلک فکر باندازۂ ہمت ہے بجا
اب یہان آ کے مضمون ہے کہ وحی ہو گی
تو و طوبیٰ و من و قامت محبوب خدا

قد بے سایہ مری چشم تمنا مین رہے
سایہ طوبیٰ کا ترے عالم بالا مین رہے

راستی جوہر آئینۂ ایمان ہے دلا
دیکھ دونون الف اوسکے تو کہلا یہ نکتا
کہدے ایمان ہے کہ وہ قد ہے الف ایمان کا
ایک احمد کا الف ایک احد کا ٹھہرا

سر یہان حدوث و قدم اول کا عقدہ
دوسرا وادی ایمن مین ہے شمع سر طور

سر اقدس ہے حباب لب یا قدم
میم احمد کا ہے دامان احد سے منضم
درۃ التاج ہے اس بحر کا یہ قطرہ کم
یون حدوث و قدم ملکے ہوے ہین باہم

قطرہ بگریست کہ از بحر جدائیم ہمہ
بحر بر قطرہ بخندید کہ مائیم ہمہ

لیے امت کے گناہ آپنے اپنے سر پر
دن گنے جاتے ہین کب روز شمار آئی نظر

بخشش حق ہو نہ ہم پر متوجہ کیونکر
زلف مشکین کو دکھا کر جو کہین پیغمبر

ہان چلو حشر کے بازار کا سودا دیکھو
نقد سرمایۂ امت کا سیاہا دیکھو

سایہ ہی فرق ہمایون پہ جناب حق کا
عالم غیب کا سر دار ہوا جلوہ نما

پر و بال فسر شہپر نہین کھولے ہی ہما
نہین سرکار یہ سلطان جلش کی حاشا

کشور کاکل پر پیچ و خم سرور ہی
یہ ختن ہی نہ خطا ہی نہ یہ خیبر ہی

خوشنویس ازلی کا ہی وہ پر زور قلم
اہل ایمان کے لیے موی سر شاہ امم

کہ ہر اک حرف ہی اوسکا سند مستحکم
خط گلزار یہین ہی سر خط گلزار ارم

کوچہ خلد نظر آنے لگا دنیا مین
خوب فرق پہ یہ لکھا ہی خط طغرا مین

رخ پر نور کا ہی کاکل شبگون سی ظہور
سنبلہ مین ہی عیان جلوۂ ماہ پر نور

دیکھ لو وادی موسی کے تلے شعلۂ طور
ابر رحمت مین ہی خورشید قیامت مستور

شب معراج مین ہی صبح تجلی روشن

لیلۃ القدر میں ہی نور الٰہی روشن

وصف پیشانی میں ہوتا ہی قلم سربزمین
لیجے بسم اللہ اب وصف کہیے بیقین
مصحف گل ہی رخ خاتمۂ نسخۂ دین
سورۂ فاتحہ مصحف گل ہی وہ جبین

گلشن عالم میں تنزیہ رخ زیبا ہے
اور گلستان مقدس کا یہ دیباچا ہی

ہیں دو ابروی سیہ زیب جبین انور
طاق یا خانۂ خورشید کے آگے ہیں نظر
نقش ابرو کا دکھاتے ہی جو عطارد لکھ کر
مہ نو تیغ سے مریخ کے ہو دو پیکر

خواب میں بھی جو وہ زہرہ جبین پیش آئے
مشتری طالع کنعان کی زحل ہو جائے

دیکھو ہم پہلو سے پیشانی انور ابرو
ہیں ابھی آئینۂ صاف سے کج جوہر سو
ابرو سے وہم خنجر ہیں مقرر ابرو
موج دریا سے شجاعت ہیں سراسر ابرو

مہ کامل میں مہ نو کی یہ تصویریں ہیں
یا کہی معرکۂ بدر میں شمشیریں ہیں

ایک گل ہی تو ہیں وہ ابروے سیاہ
نظر آتی ہی وقت غضب شاہنشاہ
طرفہ تشبیہ پہ پہونچی ہی سخندانوں کی نگاہ
الف اسم چھپاتے ہوے ہی بسم اللہ

لفظ و معنی میں عجب ابرو کی طاق ہوئی
الف طاق چھپایا تو عدد طاق ہوئی

رگ جو کاٹتا ہو تو شاہین ترازو ابرو
آنکھ پڑ جائے اگر جانب اسب سہ رو
مردمک سنگ ہے اور پلہ ہے چشم وجود
صاف رکھی ہے میزان قیامت آنکھو

آپ پلے پہ بھاری ہوں تو کیا کھٹکا ہے
مردم چشم کہیں ہٹنے سے تولا ہے

طرفہ مضمون ہے مجھے پیش نظر ہوا گاہ
ایسی نرگس کہیں دیکھی ہے نہ بادام سیاہ
منتظر چشم نہ کی پر بھی ذرا کیجیے نگاہ
چشم بد دور عجب آنکھ ہے ماشاءاللہ

لاکھ اگر اچھی سی اچھی کوئی تشبیہ کہے
چشمگین یار سے سخنگو نظر ہیچ رکھے

اک نیا نسخہ نکالوں دل پر جو ہر
پلکیں اکسیر کی بوٹی ہیں حنا اگر سے
صفحے پہ سیم کے لکھیں جسے آب زر
بوتہ چشم پہ ہو آنچ رخ انور سے

صدقے اے طالع بیدار ترے سونے کے
ڈھیلے آنکھوں کے نہیں ڈھیلیں ہیں یہ سونے کے

گردش پر نور تہ زلف شب آسا دیکھو
رنگ کالا وہ کہ صبا جس کے چمن میں پہنچے
ہمیں دو کے بھی دیکھے تو سحر ہو کا
رکھے گل سے کہ ہوا ہو نہ ٹھہر میری نظر

گوہر وصف سے گر دامن دریا بھر جو
یوں ... کہ موتی کہیں پا چل کے ہو

گوشہ سرمہ فلک گرچہ یہ تشبیہ ہے تیر
چشم کا ہے یہ اشارہ کہ کرواں سی گرید

ہو نہ ہین کعبۂ ابرو کی بڑی مردم خیز
رخ کے پیدا ہین ہراک قدسی شمس تبریز

گوش و بینی کو بھی دیدہ کے سبب کہتے ہین
قطب اوپر صاحب انفاس یہان رہتے ہین

بینی اقدس شاہنشہ عالی منظر
آب آئینۂ رخسار کے موج انور
خوبروئی کا بلندی پہ ہمایون اختر
یوسف حسن کی معراج ہی پا بیش نظر

صفحۂ خد مبارک پہ الف بینی سے
دیکھنا عارض انور کا خدا بینی ہی

صورت چشمۂ کوثر ہی لب جان پرور
نخل یا دام وہ بینی ہی لب کوثر پر
شاخ اوس نخل کی ابرو ہی جناب اطہر
اور اوس شاخ مین عینین مبارک ہین ثمر

دل عارف اوسکے سامنے مین دم لیتا ہی
نور ایمان اسی سامنے کے قدم لیتا ہی

چشمۂ مہر سے اس بحر مین آب رونق ہی
صفحۂ ماہ کہ انگشت قلم سے شق ہی
وصف رخسار ادا کرنیکا مجھ پر حق ہی
رنگ رخسار سحر سامنے جسکے فق ہی

مطلع صبح بیاضی ہی کہ نورانی ہی
حسن مطلع پہ مگر فرد سے لاثانی ہی

روبرو آئے جو آئینہ تو اک سکتا ہو
شمع کے بھی ہم دھوئین اوڑ جائین کچھ دعوا ہو
شامت آجاے جو خورشید کو یہ سودا ہو
صبح ہوجاے قمر شق پہ اگر شیدا ہو

حشر برپا ہو جو کنعانی مقابل آئین
چرخ پر سورۂ یوسف کو ملک پڑھجائین

روبرو جلوۂ خورشید کے سایا کیا ہی
عاقلو غور سے دیکھو کہ یہ نکلا کیا ہی

سامنے شمع منور کے اندھیرا کیا ہی
اتنی ہو سے نہین بھلا آپ کی شبہا کیا ہی

کوئی تدبیر تو پڑھنے کی بجا ہی نرہی
نور رخسار سے حرفون مین سیاہی ہی

لب جانبخش کی تشبیہ دم عیسیٰ سے
آب حیوان نکہا خضر نے کہ چھینٹے دیکھے

دی نہ دم دیتے رہے گرچہ مسیحا بھی مجھے
آب قطرے رہ گئے خورشید کے چھوٹے شیشے

کہون یاقوت تجھے وہ باتین یہان پائین نہین
لعل کہون ایسے نگین ہم کسی ٹھہرائین نہین

گوہر صدف دندان مین کتا سارا دن
جسکی تشبیہ نہوا سکی صفت کیا ممکن

رات بھر تارے ہی گنتے رہے جیسے محسن
یون تو ثابت ہے کہ ستارے ہین پہ گن لیکن

غور سے دیکھیے تو شیشہ کی یہ چھپائی ہین
یا لب ساغر افلاک کے تبخالے ہین

قطرہ جب سائل تشبیہ ہوا در دیکر
پانی پانی مین ہوا جوش مروت سے گہر

آیا دامن مین لیے گرد دیتی گوہر
معنی تازۂ طبیعت سے کھلے یون لب پر

کہدین قطرۂ سائل کو لا تھی نسبت

سدا باچہ ہمیشہ رہو علی

ورز پئے ذکر تبسم آیۂ لا تقنطو نیست

اک تبسم ہی کلید در جنت ہی یہان ۔ ہوئے غفار کے دندانہ تشدید عیان
نامہ بخشش امت ہی جو حضرت کی زبان ۔ نقطہ اللہ سے نامہ ہی سواک دندان

نامہ ملفوف لبون مین ہی بطرز دلخواہ
ہی لفافے پہ خط پشت لب انشاء اللہ

ای سخندان کیے ہر اروہن کسنے بیان ۔ ملگیا خاک مین جو چشمۂ آب حیوان
پہونچے مین حقہ گوہر کے جگر تک دندان ۔ وہ ج یاقوت مین ہی آتش حسرت کا دہوان

رنگ غنچے کا اوڑا گل کی فعلی چہوٹی
منھ پہ پستی کے ہوائی پہ ہوائی چہوٹی

کوئی کہتا ہی کہ اوسکو شکرستان کہیے ۔ کوئی کہتا ہی ملاحت کا نمکدان کہیے
خضر بولے کہ اوسے چشمۂ حیوان کہیے ۔ اور سلیمان نے کہا خاتم یزدان کہیے

